12 فروری 2018ء

مالی سال 18ء کے ابتدائی سات مہینوں میں بیرون ملک مقیم پاکستانی کارکنوں نے 11.4 ارب ڈالر کی ترسیلات بھیجیں

بیرون ملک مقیم پاکستانی کارکنوں نے مالی سال 18ء کے پہلے سات مہینوں (جولائی تا جنوری) میں 11383.47 ملین امریکی ڈالر وطن بھجوائے، جو اس میں 3.55 فیصد کی نمو کو ظاہر کرتا ہے جبکہ گذشتہ برس کی اسی مدت میں 10993.48 ملین ڈالر موصول ہوئے تھے۔

جنوری 2018ء کے دوران کارکنوں کی ترسیلات زر کی مالیت 1638.72 ملین ڈالر تھی جو دسمبر 2017ء کے مقابلے میں 4.92 فیصد کم، اور جنوری 2017ء کے مقابلے میں 10.10 فیصد زیادہ ہیں۔ بلحاظ ملک جنوری 2018ء کی تفصیلات سے پتہ چلتا ہے کہ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، خلیج تعاون کونسل کے ملکوں (بشمول بحرین، کویت، قطر اور عمان) اور یورپی یونین کے ملکوں سے بالترتیب 383.91 ملین ڈالر، 351.58 ملین ڈالر، 223.94 ملین ڈالر، 235.1 ملین ڈالر، 186.33 ملین ڈالر، اور 56.4 ملین ڈالر پاکستان بھجوائے گئے، جبکہ جنوری 2017ء میں ان ملکوں سے آنے والی رقوم بالترتیب 434.15 ملین ڈالر، 323.29 ملین ڈالر، 175.39 ملین ڈالر، 180.91 ملین ڈالر، 186.41 ملین ڈالر اور 31.69 ملین ڈالر تھیں۔ جنوری 2018ء کے دوران ناروے، سوئٹزرلینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ملکوں سے آنے والی ترسیلات زر مجموعی طور پر 201.46 ملین ڈالر رہیں جبکہ جنوری 2017ء میں ان ملکوں سے 156.53 ملین ڈالر موصول ہوئے تھے۔

☆☆☆